## پاکستان کی معاشی تباہی اورغریب عوام کی محرومی اور بدحالی کی اصل وجہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی نظام سیاست ہے۔مصطفٰے عزیز آبادی

## قائدتحریک الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا جونظریہ پیش کیا ہے وہ آج ملک بھرمیں تیزی سے پروان چڑھ رہاہے

## مڈل کلاس قیادت ہی ملک کومعاشی تباہی اوردیگرمسائل کی دلدل سے نکال سکتی ہےاورمحروم عوام کوان کے حقوق دلاسکتی ہے

## برطانیہ میں آباد پاکستانی ملک کومشکلات سے نکالنےاورمنصفانہ نظام کے قیام کیلئے ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں۔فیض احمد

## ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام لندن کے علاقے ساؤتھ آل (Southall) میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

## ساؤتھ آل (Southall) اورہیز (Hayes) میں آباد پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے ایم کیوایم کی رکنیت اختیارکی

لندن۔۔۔10مارچ 2010ء

ایم کیوایم یوکے کی جانب سے جاری ممبرسازی اوریوکے میں آباد پاکستانیوں سے رابطہ مہم کے سلسلے میں لندن کے علاقے ساؤتھ آل (Southall) میں اجتماع منعقد کیا گیا جس میں ساؤتھ آل (Southall) اورہیز (Hayes) میں آبادمختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں اوریوکے یونٹ کے کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پرخطاب کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفٰے عزیزآبادی نے کہا کہ پاکستان کی معاشی تباہی اورغریب عوام کی محرومی اور بدحالی کی اصل وجہ ملک میں کئی دہائیوں سے رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی نظام سیاست ہے۔ملک میں اقتدار کی میوزیکل چیئر کا کھیل جاری ہے اور 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ کے چندخاندان ہی ہردورمیں مختلف شکلوں سے ملک کے اقتدار پر قابض ہوتے آئے ہیں جبکہ ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام اپنے حقوق سے محروم ہیں۔مصطفٰے عزیزآبادی نے کہا کہ ایم کیوایم نے قائدتحریک الطاف حسین کی قیادت میں جدوجہد کرتے ہوئے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والےنوجوانوں کومنتخب ایوانوں میں بھیج کرفرسودہ جاگیردارانہ نظام کی بنیادیں ہلاکررکھ دی ہیں، قائدتحریک الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا جونظریہ پیش کیا ہے وہ آج ملک بھرمیں تیزی سے پروان چڑھ رہاہے۔مصطفٰے عزیزآبادی نے کہا کہ مڈل کلاس قیادت ہی ملک کومعاشی تباہی اوردیگرمسائل کی دلدل سے نکال کراسے ترقی کی راہ پرگامزن کرسکتی ہےاورمحروم عوام کوانکے حقوق دلاسکتی ہے۔مصطفٰے عزیزآبادی نے کہا کہ ایم کیوایم نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفٰےﷺ کے خطبہ حجتہ الوداع میں دیے گئے پیغام مساوات پرعمل کرتے ہوئے ملک میں ایسانظام قائم کرنا چاہتی ہےجس میں پاکستان میں آبادتمام شہریوں کے ساتھ رنگ،نسل،زبان،جنس،قومیت،فقہ،مسلک اورمذہب کے امتیاز سے بالاترہوکریکساں سلوک کیا جائے اورسب کومیرٹ کی بنیادپرمساوی حقوق دیئے جائیں۔اس موقع پرایم کیوایم یوکے کے جوائنٹ آرگنائزرفیض احمد نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آج نازک دورسے گزررہاہے اورایم کیوایم یوکے اپنی اس رابطہ مہم کے ذریعے یوکے میں آباد پاکستانیوں کوحالات سے آگاہ کررہی ہے اوربیرون ملک مقیم پاکستانیوں میں شعور بیدارکررہی ہے۔انہوں نے برطانیہ میں آباد پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ ملک کومشکلات سے نکالنےاورملک میں منصفانہ نظام کے قیام کیلئے ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں اورایم کیوایم کے ممبربنکرحق پرستی کے اس قافلے میں شامل ہوجائیں۔اجتماع سے ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان سہیل خانزادہ،عبدالحلیم اورساؤتھ آل کے یونٹ انچارج محبوب الٰہی نے بھی خطاب کیااورعوامی رابطہ مہم میں بھرپورشمولیت پرساؤتھ آل اورہیز میں آباد پاکستانیوں کاخیرمقدم کیا۔اس موقع پرحاظرین نے ایم کیوایم کے نظریہ اورمنشورسے اتفاق کرتے ہوئے بڑی تعدادمیں رکنیت سازی فارم حاصل کئےاورایم کیوایم کی رکنیت اختیارکی۔

☆☆☆☆☆